ವಾರ್ತಾ ಮತ್ತು ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಸಂಪರ್ಕ ಇಲಾಖೆ

# ಕೃಷಿ ತಂದ ಖುಷಿ





## ಕರುನಾಡಲ್ಲಿ ಅಭಿವೃದ್ಧಿಯ ಹೊಸ ಮನ್ವಂತರ



**ನಾಡಿನ ಕೃಷಿಗೆ ಆಧುನಿಕತೆಯ ಸ್ಪರ್ಶ**

- ಕೃಷಿಯಲ್ಲಿ ಆಧುನಿಕ ತಂತ್ರಜ್ಞಾನವನ್ನು ಉತ್ತೇಜಿಸುವ ಉದ್ದೇಶದಿಂದ "ಹೈಟೆಕ್ ಹಾರ್ವೆಸ್ಟರ್ ಹಬ್" ಯೋಜನೆಗೆ ಚಾಲನೆ
- ಕೃಷಿ ಯಾಂತ್ರೀಕರಣ ಸಂಸ್ಕರಣಾ ಘಟಕಗಳಿಗಾಗಿ 1.31 ಲಕ್ಷ ಫಲಾನುಭವಿಗಳಿಗೆ **ರೂ.286 ಕೋಟಿ** ಆರ್ಥಿಕ ನೆರವು
- **ರೂ.252 ಕೋಟಿ** ವೆಚ್ಚದಲ್ಲಿ 1.50 ಲಕ್ಷ ಹೆಕ್ಟೇರ್ ಕೃಷಿ ಭೂಮಿಯಲ್ಲಿ ಸೂಕ್ಷ್ಮ ನೀರಾವರಿ ಘಟಕಗಳ ಅಳವಡಿಕೆ
- ಕೃಷಿ ಉತ್ಪನ್ನಗಳ ದೀರ್ಘಾವಧಿ ಸಂಗ್ರಹಣೆಗಾಗಿ 14,000 ಮೆಟ್ರಿಕ್ ಟನ್ ಸಾಮರ್ಥ್ಯದ **6 ಶೀತಲ ಘಟಕಗಳ** ಸ್ಥಾಪನೆಗೆ ಕ್ರಮ

ಕರ್ನಾಟಕ ನವ ನಿರ್ಮಾಣಕ್ಕೆ
**ಗ್ಯಾರಂಟಿ ಸರ್ಕಾರ...**

**ಸಾಂಪ್ರದಾಯಿಕ ಬೇಸಾಯ ಪದ್ಧತಿಯಿಂದ ಸಂಕಷ್ಟದಲ್ಲಿದ್ದ ರಾಜ್ಯದ ಕೃಷಿಕರಿಗೆ ಆಧುನಿಕ ಸವಲತ್ತುಗಳನ್ನು ಒದಗಿಸಿ, ಕೃಷಿಯನ್ನು ಲಾಭದಾಯಕ ವೃತ್ತಿಯಾಗಿಸುವುದು ನಮ್ಮ ಸರ್ಕಾರದ ಸಂಕಲ್ಪವಾಗಿದೆ.**

ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮನೋಧರ್ಮ ಬೆಳೆಸಿಕೊಳ್ಳುವುದು; ಪ್ರಶ್ನೆ ಮಾಡುವ ಮತ್ತು ಬದಲಾವಣೆಗೆ ಒಡ್ಡಿಕೊಳ್ಳುವ ಮನಃಸ್ಥಿತಿ ಬೆಳೆಸಿಕೊಳ್ಳುವುದು.- ಪ್ರತಿಯೊಬ್ಬ ಭಾರತೀಯನ ಸಂವಿಧಾನಬದ್ಧ ಮೂಲಭೂತ ಕರ್ತವ್ಯ

CMofKarnataka https://dipr.karnataka.gov.in/

ಕರ್ನಾಟಕ ವಾರ್ತೆ

ಪರಿಶಿಷ್ಟ ಜಾತಿ / ಪರಿಶಿಷ್ಟ ಪಂಗಡ / ಹಿಂದುಳಿದ ವರ್ಗ / ಬ್ರಾಹ್ಮಣ ಸಮುದಾಯಗಳ ಮಾಲೀಕತ್ವ ಮತ್ತು ಸಂಪಾದಕತ್ವದ ಪತ್ರಿಕೆಗಳಿಗೆ ಪ್ರೋತ್ಸಾಹ ರೂಪದ ಜಾಹೀರಾತು

# اسلام میں صدقۂ فطر وزکوٰۃ کا نظام ملت کی خوش حالی کا ضامن ہے

رمضان کا ایک اہم عمل صدقۂ فطر ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ "نبی ﷺ نے صدقۂ فطر کو ضروری قرار دیتے ہوئے فرمایا۔ یہ صدقہ روزے دار کے لیے لغویات اور بے حیائی کی باتوں سے پاکیزگی کا باعث اور مسکینوں کے لیے خوراک کا سامان فراہم کرتا ہے۔ جو شخص اسے عید کی نماز سے پہلے ادا کرتا ہے تو یہ ایک قبول ہونے والا صدقہ ہے اور جو شخص نماز کے بعد اسے ادا کرتا ہے تو وہ عام صدقوں میں سے ایک صدقہ ہے۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ) اس حدیث میں صدقۂ فطر کی دو حکمتیں بیان کی گئی ہیں۔ ایک حکمت یہ ہے کہ روزے دار سے بہت سی کوتاہیاں ہوجاتی ہیں، زبان ونگاہ سے بہت سی خطائیں صادر ہونے کا امکان رہتا ہے، اس لیے روزوں کے اختتام پر صدقے کا حکم دیا گیا تاکہ اس صدقے کے ذریعے وہ کوتاہیاں اور خطائیں بخش دی جائیں جو روزے دار سے قصداً یا سہواً سرزد ہوگئی ہیں اور اس طرح روزے دار کو پاکیزگی حاصل ہوجاتی ہے۔ یہ اللہ کا کتنا بڑا انعام ہے کہ اس نے چند سکوں کے عوض ہمارے گناہ معاف کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

دوسری حکمت یہ بیان کی گئی ہے کہ عید کے دن تمام مسلم معاشرے کو خوشی ومسرت میں شریک ہونا چاہیے اور غرباء و مساکین کو مانگے بغیر اتنی رقم ضرور مل جانی چاہیے کہ وہ عید کی خوشی دوسروں کی طرح منا سکیں۔ دوسروں کو خوش کرنا بہت بڑی نیکی ہے جو جنت کا مستحق بناتی ہے۔ اس لیے حکم دیا گیا کہ صدقۂ فطر کی رقم نمازِ عید سے پہلے پہلے غریب افراد تک ضرور پہنچا دی جائے تاکہ وہ بھی عید کی خوشیوں میں شریک ہوسکیں۔ کہا جاتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے صدقۂ فطر کے لیے زکوٰۃ الفطر کا لفظ استعمال فرمایا ہے جس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اس کی ادائیگی بھی زکوٰۃ کی طرح ضروری ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ زکوٰۃ مال پر واجب ہوتی ہے اور مال کو پاک کرتی ہے جب کہ صدقۂ فطر انسان پر واجب ہوتا ہے اور اُسے گناہوں کی آلائشوں سے پاک کرتا ہے۔ فطرہ دراصل افطار کے ہم معنی ہے۔ دونوں کا مادہ "فطر" ہے۔ جس طرح روزہ مکمل ہونے پر شام کو افطار کیا جاتا ہے اسی طرح ماہِ رمضان کی تکمیل پر صدقہ فطر ادا کیا جاتا ہے۔ صدقۂ فطر ہر صاحب نصاب مسلمان پر واجب ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا، مالداری کی حالت کے بغیر کوئی صدقہ نہیں۔

صدقۂ فطر ہر آزاد وغلام، مرد وعورت، ہر چھوٹے بڑے پر واجب ہے حتیٰ کہ عید کا چاند دیکھنے کے بعد نمازِ عید سے پہلے جو بچہ پیدا ہوا اس پر بھی صدقۂ فطر واجب ہے۔ صدقۂ فطر سرپرست پر واجب ہوتا ہے اور اس کو ان لوگوں کی طرف سے جن کا وہ کفیل ہو، ادا کرنا ضروری ہے۔ مثلاً نابالغ بچوں کا صدقۂ فطر باپ کے ذمہ ہے۔ اگر کوئی نوکر یا خدمت گار ہو تو اس کی طرف سے صدقۂ فطر مالک کو ادا کرنا ضروری ہے۔

زکاۃ اور صدقۂ فطر میں فرق یہ ہے کہ زکاۃ مال پر ایک سال گزرنے کے بعد فرض ہوتی ہے۔ جب کہ صدقہ فطر کے لیے یہ شرط نہیں ہے۔ اگر نمازِ عید سے پہلے کسی شخص کو اتنا مال مل جائے کہ وہ صاحب نصاب ہوجائے تو اس پر صدقۂ فطر واجب ہے۔

**مقدار:** صدقۂ فطر اگر گندم کی صورت میں دیا جائے تو نصف صاع دیا جائے گا۔ گندم کے علاوہ دیگر اشیاء ایک صاع دی جائیں گی۔ ہندوستانی وزن میں نصف صاع ایک کلو چھ سو چھیاسٹھ گرام (1.666) اور ایک صاع تین کلو تین سو بتیس گرام ہے۔ تمام خوردنی اشیاء جن کا استعمال بطور غذا کیا جاتا ہو ان کو صدقۂ فطر میں دیا جاسکتا ہے۔ البتہ قیمتی سے قیمتی چیز دینا افضل ہے۔ صدقۂ فطر اگر کوئی عید کی نماز سے پہلے ادا نہ کرسکے تو اسے نماز کے بعد ادا کردینا چاہیے۔ صدقۂ فطر پیشگی بھی ادا کرنا جائز ہے۔ صدقۂ فطر کے بھی مصارف وہی ہیں جو زکوٰۃ کے ہیں۔

**زکوٰۃ** ۔ زکوٰۃ اسلام کا اہم رکن ہے، عام طور پر ہم زکوٰۃ رمضان میں ادا کرتے ہیں، حالانکہ یہ ضروری نہیں ہے کہ زکوٰۃ رمضان میں ادا کی جائے، بلکہ مال پر جب ایک سال گزر جائے تو ادا کردی جائے، لیکن موجودہ زمانے میں مسلم معاشرہ میں یہ رواج عام ہوگیا ہے کہ محصلین زکوٰۃ بھی رمضان میں آتے ہیں اور ہم بھی رمضان میں ادا کرتے ہیں۔ اس نیت سے کہ رمضان میں ہر نیکی کا ثواب دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک ہوجاتا ہے۔

نقدی، زیور، اموال تجارت سب پر زکوٰۃ ہے، جانوروں پر بھی زکوٰۃ ہے، کھیتی باڑی پر جو زکوٰۃ ہے اسے عشر کہتے ہیں۔ ان کے تفصیلی مسائل کتب فقہ میں آپ ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ زکوٰۃ کے معنیٰ ہیں پاک ہونا۔ چوں کہ زکوٰۃ نکالنے سے مال پاک ہوجاتا ہے اور زکوٰۃ نکالنے والے کا دل بھی پاک ہوجاتا ہے اس لیے اس فریضہ کو زکوٰۃ کہا جاتا ہے۔ شریعت کی اصطلاح میں صاحب نصاب ہونے پر مخصوص مقدار میں مال مستحقین کو دینے کا نام زکوٰۃ ہے۔ عشر کے معنی دسویں حصہ کے ہیں۔ چوں کہ کھیتی باڑی وغیرہ کا دسواں حصہ راہِ خدا میں دیا جاتا ہے اس لیے اسے عشر کہا جاتا ہے۔

عشر اور زکوٰۃ کی فرضیت کے بارے میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اس کی فرضیت کا منکر کافر ہے۔ زکوٰۃ ۲ھ میں فرض ہوئی۔ قرآن میں ۳۰ مرتبہ زکوٰۃ کی ادائیگی کا حکم دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ احادیث میں بھی متعدد بار اس حکم کی تاکید کی گئی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے، اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ دینا، روزے رکھنا اور حج کرنا۔ (بخاری ومسلم)

قرآن مجید میں متعدد بار یہ الفاظ آئے ہیں **وَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ** نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔ قرآن پاک نے زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں اور دولت کو سینت سینت کر رکھنے والوں کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے: "اور جو لوگ سونا چاندی جمع کرتے ہیں اور اسے اللہ کے راستہ میں خرچ نہیں کرتے انھیں دردناک عذاب کی خوش خبری سنا دیجیے۔ اس دن سونے چاندی کو جہنم کی آگ میں تپایا جائے گا اور اس سے ان کی پیشانیوں، پہلوؤں اور پیٹھوں پر داغا جائے گا۔ ان سے کہا جائے گا یہ وہ خزانہ ہے جس کو تم نے اپنے لیے جمع کیا تھا، اب تم اپنے خزانہ کے عذاب کا مزہ چکھو۔ (التوبۃ:35-34) مسلم معاشرے کی بنیادی خصوصیات بیان کرتے ہوئے فرمایا گیا۔

مومن مرد اور عورتیں ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔ وہ بھلائی کا حکم دیتے ہیں، برائی سے روکتے ہیں۔ نماز قائم کرتے ہیں، زکوٰۃ دیتے ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں۔ ان لوگوں کو عنقریب اللہ اپنی رحمت سے نوازے گا۔ بے شک اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔" (التوبۃ:71) نبی کریم ﷺ نے اسلام کے مکمل ہونے کی نشانی زکوٰۃ کو قرار دیا۔ آپؐ نے فرمایا **اِنَّ مِنۡ تَمَامِ اِسۡلَامِکُمۡ اَنۡ تُؤَدُّوۡا زَکٰوۃَ اَمۡوَالِکُمۡ۔** تمہارے اسلام کی تکمیل کے لیے یہ ضروری ہے کہ تم اپنے مالوں کی زکوٰۃ ادا کرو۔ (مسند بزار)

نبی کریمؐ نے فرمایا: "جو شخص سونے چاندی کی زکوٰۃ نہ دے گا قیامت کے روز اس کے مال کی تختیاں بنائی جائیں گی۔ ان تختیوں کو دوزخ کی آگ میں تپا کر ان کی پیشانی، پہلوؤں اور پیٹھ کو داغا جائے گا۔ قیامت کا ایک دن پچاس ہزار برس کا ہوگا۔ اس شخص پر اس دن یہی عذاب ہوتا رہے گا یہاں تک کہ تمام بندوں کے درمیان فیصلہ کردیا جائے گا۔ فیصلہ کے بعد وہ شخص جہنم میں جائے گا یا جنت میں۔ (مسلم)

ایک دوسری حدیث میں جانوروں کی زکوٰۃ نہ دینے والوں کے بارے میں فرمایا گیا: اگر کوئی شخص اپنے جانور کی زکوٰۃ نہ دے گا تو قیامت کے دن وہ جانور بہت موٹے تازے ہوکر اپنے بڑے بڑے تیز سینگوں سے اسے ماریں گے اور اسے روندتے کچلتے رہیں گے۔ پچاس ہزار برس کے دن میں یہی عذاب اس کو ہوتا رہے گا۔ پھر وہ اپنا ٹھکانہ جنت یا دوزخ کی طرف دیکھ لے گا۔" (مسلم)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ہمیں نماز پڑھنے اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا گیا اور جو شخص زکوٰۃ نہ دے گا تو اس کی نماز قبول نہ ہوگی۔ (طبرانی) آپؐ نے یہ بھی ارشاد فرمایا:" جو شخص نماز قائم کرے مگر زکوٰۃ نہ دے تو وہ پکا مسلمان نہیں کہ اس کا عمل اس کو فائدہ پہنچائے۔ (ترغیب)

آپؐ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: **مَانِعُ الزَّکٰوۃِ یَوۡمَ الۡقِیَامَۃِ فِی النَّارِ۔** (طبرانی) زکوٰۃ کو روکنے والا قیامت کے دن جہنم میں ہوگا۔ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں کو صرف آخرت میں عذاب کی وعید ہی نہیں سنائی گئی ہے بلکہ دنیا میں بھی سزا کا مستحق قرار دیا گیا ہے۔ اسلامی حکومت کا سربراہ اس سے نہ صرف بزور طاقت زکوٰۃ وصول کرے گا بلکہ اس پر جرمانہ بھی عائد کرے گا۔ نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا: جس نے اجر حاصل کرنے کے لیے زکوٰۃ ادا کی اس کو اس کا اجر مل جائے گا اور جس نے زکوٰۃ روک لی اس سے ہم زکوٰۃ بھی وصول کریں گے اور اس کا آدھا مال بھی، جو ہمارے رب کی طرف سے حکم ہے۔ زکوٰۃ میں سے آل محمد ﷺ کے لیے بھی کچھ جائز نہیں۔" (احمد، نسائی، ابوداؤد)

اسلام نے مانعین زکوٰۃ (زکوٰۃ نہ دینے والے) کے لیے نہ صرف مالی سزا تجویز کی ہے بلکہ اگر لوگ زکوٰۃ کے معاملہ میں سرکشی کا رویہ اختیار کریں گے تو ان سے جنگ کرنا ضروری ہے۔ رسول ﷺ نے فرمایا: مجھے لوگوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔ نماز قائم کریں، زکوٰۃ دیں۔ اگر وہ ایسا کریں تو انھوں نے اپنا خون مجھ سے بچالیا سوائے اس صورت کے کہ جب اسلام کا حق مطالبہ کرے اور ان کا حساب اللہ پر ہے۔ (بخاری ومسلم)

چنانچہ حضور اکرم ﷺ کے دنیا سے چلے جانے کے فوراً بعد حضرت ابوبکرؓ کے زمانے میں عرب کے بہت سے قبیلوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کردیا اور کہا کہ ہمارے لیے نماز کافی ہے۔ زکوٰۃ تو صرف رسول اللہ ﷺ کے زمانہ کے ساتھ خاص تھی، اب اس کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ منکرین زکوٰۃ کی اس تحریک سے نبوت کے جھوٹے دعوے داروں اور مرتدوں (اسلام سے پھر جانے والوں) کو کافی سہارا لگا۔ یہ بڑے نازک حالات تھے مگر حضرت ابوبکرؓ نے ایمان کی رشنی سے کام لیتے ہوئے سخت قدم اٹھایا۔ یہاں تک کہ اونٹ کی رسی بھی اگر رسول اللہ ﷺ کو دی جاتی تھی تو اس کو بھی چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوئے۔ ایک طرف مختلف قسم کے خطرات، دوسری طرف بعض صحابہؓ کا اختلاف رائے انھیں اپنے ارادہ سے باز نہ رکھ سکا۔ جب حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ جو لوگ **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** کہہ کر دائرۂ اسلام میں داخل ہوچکے ہیں، ان سے کس طرح جنگ کی جاسکتی ہے؟ تو حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: خدا کی قسم جو شخص نماز اور زکوٰۃ کے درمیان فرق کرے گا میں اس سے ضرور لڑوں گا کیوں کہ زکوٰۃ مال کا حق ہے۔ خدا کی قسم اگر وہ ایک بکری کا بچہ بھی دینے سے انکار کریں جو وہ اللہ کے رسول کو دیا کرتے تھے تو میں ان سے لڑوں گا۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ اس بات سے مجھے یقین ہوگیا کہ اللہ نے حضرت ابوبکرؓ کا سینہ ان لوگوں سے لڑنے کے لیے کھول دیا ہے اور میری سمجھ میں آگیا کہ یہی حق ہے۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوبکرؓ کی دلیل پر تمام صحابہ متفق ہوگئے کہ زکوٰۃ نہ دینے والوں سے جنگ کی جائے گی۔ اس طرح یہ ایک اجماعی مسئلہ ہوگیا اور اسی پر تمام امت کا اتفاق ہوگیا۔ چنانچہ حضرت ابوبکرؓ نے مانعین زکوٰۃ کے خلاف کارروائی کرکے ان کی سرکوبی کی اور انھیں سبق سکھایا۔ غرض یہ کہ زکوٰۃ اسلام کا بنیادی رکن ہے۔ یہ محض نیکی کا کوئی کام یا نفلی صدقہ نہیں ہے بلکہ ایک فریضہ ہے جس کا ادا نہ کرنے والا فاسق اور اس کی فرضیت کا انکار کرنے والا کافر ہے۔ حکومت اور مسلم معاشرہ کا فرض ہے کہ زکوٰۃ کی وصولی اور تقسیم کا اجتماعی نظم کرے تاکہ بہتر طور پر اس کے فائدے سامنے آسکیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بے شمار روحانی اور مادی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے سے انسان کا نفس بخل، طمع، لالچ، حرص اور مال و دولت کی محبت کے تباہ کن عیوب سے پاک ہوجاتا ہے۔ اس کے اندر فیاضی وسخاوت اور اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ ایسا شخص اللہ سے قریب اور اس کی ناراضگی سے دور ہوتا ہے۔ سخاوت انسان کو جنت کا مستحق بناتی ہے جب کہ بخل انسان کو دوزخ کے قریب کردیتا ہے۔

زکوٰۃ ادا کرنے اور اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے سے مال میں اضافہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے: جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کے خرچ کی مثال ایسی ہے جیسے ایک دانہ بویا جائے اور اس سے سات بالیں نکلیں اور ہر بال میں سو دانے ہوں۔ (البقرۃ:۲۶۱)

مردوں اور عورتوں میں سے جو صدقات دینے والے ہیں اور جنھوں نے اللہ کو قرضِ حسن دیا ہے ان کو یقینا کئی گنا بڑھا کردیا جائے گا۔ (الحدید:18)


زکوٰۃ ادا کرنے سے بندوں کے حقوق ادا ہوتے ہیں۔ آپس میں محبت اور پیار بڑھتا ہے، شفقت وبھائی چارے کی فضا بنتی ہے۔ غریبوں اور مسکینوں کی ضروریات کو سمجھنے اور انھیں پورا کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے، زکوٰۃ انسان کے دل سے دنیا پرستی اور مال کی محبت کو نکالتی ہے اور اس تصور کو مضبوط کرتی ہے کہ انسان کے پاس جو کچھ ہے وہ اللہ ہی کا دیا ہوا ہے۔ زکوٰۃ دینے سے مسلم معاشرہ میں خوش حالی اور آسودگی پیدا ہوتی ہے۔ فقر وغربت کا خاتمہ ہوتا ہے۔

اللہ نے آپ کو صاحب نصاب بنایا ہے تو ہر سال پابندی سے زکوٰۃ ادا کریں۔ زکوٰۃ ادا کرنے میں ٹال مٹول یا تاخیر سے ہرگز کام نہ لیں۔ پائی پائی کا حساب کرکے زکوٰۃ نکالیں اور مستحقین تک پہنچانے کی کوشش کریں۔ زکوٰۃ سے آپ کا مال پاک ہوگا، اس میں خیر وبرکت ہوگی، انفاق کا جذبہ پروان چڑھے گا اور سماج سے غربت وافلاس کا خاتمہ بھی ہوگا، سماج میں خوش حالی بھی آئے گی۔



از:۔ ڈاکٹر سراج الدین ندوی۔ بجنور۔ 9897334419

# اعتکاف عظیم عبادت اور بڑی سنت



تحریر:۔ مفتی محمد ارشد فاروقی، دیوبند

رمضان کی بیسویں تاریخ کی شام آتے ہی دنیا کی تمام مساجد کی طرف اللہ سے محبت رکھنے والوں کی شیفتگی وارفتگی بڑھنے والوں کا ایک قافلہ کشاں کشاں سازوسامان لیے رخت سفر باندھے بڑھنے لگتا ہے۔ وہ اللہ کے رنگ میں رنگ گئے اللہ کی محبت نے ان کے دلوں کو چھولیا والذین آمنوا اشد حبا للہ کی تصویر بن گئے۔ انہیں اپنے گھر میں چین نہیں مل رہا ہے رفیق حیات کی ہم نشینی بھی گوارا نہیں۔ دل ہر چیز سے اکتا گیا اور اللہ سبحانہ وتعالی پر فدا ہو گیا اب وہ فدویانہ جذبات سے مغلوب محبانہ روح سے مجبور ہو کر ففروا الی اللہ پر عامل گھروں سے بھاگ کھڑے ہوئے دیوانہ وار محبوب کے گھر کی چوکھٹ پر آ کر پڑ گئے وانتم عاکفون فی المساجد کی روح ان میں رچ بس گئی، یہ اصطلاح میں اعتکاف کہلاتا ہے۔

## بیت اللہ دنیا کی تمام مساجد کا مرکز

اللہ تعالی نے سیدنا ابراہیم اور اسماعیل علیہ السلام کو بیت اللہ کی تعمیر وتطہیر کا حکم دیا کہ طواف واعتکاف کرنے والوں کو راحت پہنچے۔ **طهرا بيتى للطائفين والعاكفين** بیت اللہ تمام مساجد عالم کا مرکز ہے غیر مرئی طور پر تمام مساجد بیت اللہ سے منسلک ہیں۔ بیت اللہ پاور ہاؤس ہے تمام مسجدوں کو اس سے بجلی سپلائی ہوتی ہے بیت اللہ مسجد حرام میں شائقین عبادت وریاضت اعتکاف کرتے ہیں جہاں بیشتر انبیاء کا گزر ہوا۔ حرم ثانی مسجد نبوی میں خود عبدیت کے اعلی ترین مقام پر فائز محمد رسول اللہ نے نو رمضان کے اخری عشرے میں اعتکاف فرمایا۔ ایک رمضان میں اعتکاف نہیں فرمایا تو دوسرے اور اخری رمضان میں 20 روز کا اعتکاف فرمایا۔

## اعتکاف کی تین قسمیں

اعتکاف اور عکف کے لغوی معنی تو کسی جگہ اپنے مقصد وارادے سے رکے رہنے کے ہیں۔ شرعی معنی اعتکاف کے یہ ہیں کہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے اللہ کے گھر میں رکنا۔ اس اعتبار سے اعتکاف کبھی واجب ہوتا ہے کبھی سنت تو کبھی نفل۔ نفلی اعتکاف تو اپ مسجد میں جب داخل ہوں تو اعتکاف کی نیت کر لیں نفلی اعتکاف کا ثواب ملے گا۔ واجب اس وقت ہوتا ہے جب اپ اعتکاف کی نذر مان لیں یا اعتکاف شروع کر کے توڑ دیں اعتکاف سنت رمضان مبارک کے اخری عشرے میں ہوتا ہے ایسی مسجد میں جس میں نماز پنجگانہ باضابطہ ہوتی ہے ہر مسجد کے نمازیوں کے لیے اعتکاف سنت موکدہ علی الکفایہ ہے کہ ان میں سے کوئی ایک اعتکاف کر لے تو سب کی طرف سے کفایت کرے ورنہ ترک سنت کے سب شکار ہوں ابن عمر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ رمضان کے اخری عشرے میں اعتکاف فرماتے (بخاری ومسلم)۔ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ رمضان کے آخری عشرے میں تا دم حیات اعتکاف فرماتے رہے اور آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی ازواج مطہرات اعتکاف فرماتی رہیں (بخاری ومسلم)

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ ہر رمضان میں ایک عشرے کا اعتکاف فرماتے جس سال رحلت ہوئی اس سال 20 دن کا اعتکاف فرمایا (بخاری) آپ ﷺ کا معمول رمضان کے آخری عشرے کے اعتکاف کا تھا البتہ جس سال رحلت ہوئی اس سال آپ ﷺ نے 20 روز کا اعتکاف فرمایا جو درحقیقت ایک عشرہ بطور قضا اور ایک بطور ادا تھا۔ اس لیے سنت آخری عشرے ہی کا اعتکاف ہے البتہ ہمارے زمانے اور ہم سے پہلے بہت سے بزرگوں کا معمول رہا ہے کہ ایک مہینے کا اعتکاف کرتے پورا رمضان معتکف رہتے تو آخری عشرہ بطور سنت اور دو عشرے بطور نفل اعتکاف کرتے اور عاشقوں کے کارواں کے کارواں مساجد عالم میں خیمہ زن ہیں ان کے دن روزے سے مامور ہیں ان کے روزوں اور غیروں کو روزوں میں بڑا فرق ہے۔

ان کے روزے بازاروں تفریح گاہوں کی رونقوں سے بہت دور لغو وبیہودہ باتوں سے محفوظ غیبت و چغل خوری سے بچے دشنام طرازی اور لڑائی سے وہ متنفر بس ان کے روزے پاکیزہ ہیں ان کے روزے اللہ ہی کے لیے ان کے روزے فرمان نبی کے مصداق جس نے ایمان ویقین اور ثواب کی امید کے ساتھ رمضان کے روزے رکھے اس کے پچھلے گناہ بخش دیے جاتے ہیں (بخاری ومسلم) ان کی راتیں عبادت وزیارت نماز تراویح تہجد قیام لیل اور استغفار و انابت الی اللہ میں گزرتی ہیں دو پل سوئے نہیں کہ اٹھ پڑے اور لگ گئے۔

## اعتکاف کا مقصد رضائے الٰہی

محبوب مشغلے ذکر محبوب میں ان، عاشقوں معتکفوں کے سامنے ایک ہی مقصد ہے رضائے الٰہی کا حصول نجات کا پروانہ چاہیے ان کو اور وہ رسول اللہ ﷺ کے بتائے ہوئے طریقے سے سر مو انحراف نہیں کرتے سنت کے پابند اور متبع ہیں ان فدائیوں کو یقین ہے کہ فرمان رسالت پر کہ اخری عشرے میں شب قدر ڈھونڈو طاق راتوں میں ڈھونڈو اس لیے یہ قافلہ ہوش مند گوہر نایاب شب قدر کی فضیلتیں پانے کیلئے بے تاب ہے شب قدر ہزار مہینے سے بہتر ہے۔

## اعتکاف کی حکمت شب قدر کا اهتمام هے

اعتکاف کی بڑی حکمت بھی یہی ہے کہ شب قدر کا اہتمام نصیب ہو جائے رمضان المبارک قران کریم کا مہینہ ہے اور قران شب قدر میں اترا اس لیے رمضان کے ساتھ شب قدر کی اہمیت دو بالا ہوئی معتکف اسی شب قدر کا اہتمام کرتا ہے جس میں قران کا نزول ہوا گویا قران کے نزول کا قدرداں ہے اور قدردانی کے اظہار کے لیے اعتکاف کرتا ہے اعتکاف کی حالت میں ہر طرف سے رخ موڑ کر صرف کتاب اللہ کی تلاوت غور و تدبر میں لگا رہتا ہے کتاب ہدایت میں دنیا کے لیے رہنمائی ڈھونڈتا ہے اور پورے اعتکاف میں قرانی تعلیمات سے یہ معتکفین اپنے قلوب منور کرنے کے بعد باہر کی دنیا کے لیے رہنمائی کا عزم لے کر نکلتے ہیں یہ ہے اعتکاف اعتکاف کا تقاضہ ہے کہ مکمل یکسوئی اپنائے دوسروں کے ساتھ کثرت کلامی سے گریز کرے جب لوگ تہجد میں ہوں تو معتکف بھی تہجد کا اہتمام کرے غفلت یہاں نہیں لغو بیہودہ گفتگو غیبت چغل خوری سے بچنا ضروری ہے۔ اللہ کے ذکر کی کثرت تلاوت دعا قیام لیل میں پوری طرح حصہ لے۔ امام زہری فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کو کیا ہو گیا ہے کہ اعتکاف سے غافل ہو گئے حالانکہ جب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے وفات تک کبھی اعتکاف ترک نہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ رمضان کے اخری عشرے میں اعتکاف فرماتے اور سال وفات میں 20 دن کا اعتکاف فرمایا جس میں ایک سال کی قضا بھی شامل تھی۔

**اعتکاف کا مقصد:**۔ اعتکاف کی حکمت اور جوہری مقصد شب قدر کی تلاش اور قدردانی ہے۔

## معتکف مسجد میں کیا کرے؟

معتکف مسجد میں رہے نماز تلاوت ذکر دعا توبہ و استغفار کرے دنیاوی امور سے گریز کرے لایعنی باتوں سے بچے لڑائی جھگڑا گالی بدکلامی نہ کرے دنیا کے متعلق باتیں کم کرے بھلی باتیں کرے وعظ و نصیحت درس قران وحدیث کے ذریعہ نفع پہنچائے معتکف اگر عبادت سمجھتے ہوئے بات چیت بالکل بند کر دے تو یہ بدعت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کو جس نے بات نہ کرنے کی نذر مانی بات کرنے کا حکم دیا معتکف مسجد میں آداب مسجد کا لحاظ کرتے ہوئے کھائے پیے ارام کرے سوئے اچھے کپڑے پہن سکتا ہے خوشبو لگا سکتا ہے۔ وضو غسل قضائے حاجت کے لیے مسجد سے باہر نکلے یاد رہے غسل ضروری کے لیے نکلے بے ضرورت مسجد سے نکلنا اعتکاف کو ختم کر دیتا ہے مسجد اعتکاف کے لیے وہی منتخب کرے جس میں پنج وقتہ نماز باجماعت ہوتی ہو اللہ تعالی کا ارشاد ہے **وانتم عاكفون فى المساجد**۔ ہر مسجد جس میں جماعت ہوتی ہو اعتکاف کے لیے موزوں ہے۔ اس مسئلے میں علامہ البانی کے رائے کو جمہور علماء نے غلط بتایا ہے علامہ البانی کی رائے کے مطابق صرف تین مساجد مسجد حرام مسجد نبوی مسجد اقصی میں اعتکاف کیا جاسکتا ہے۔

## عورت کا اعتکاف

جس طرح مردوں کے لیے اعتکاف مسنون ہے اسی طرح عورتوں کے لیے بھی سنت ہے قران نے سیدہ مریم کے اعتکاف کو نقل کیا ہے **كلما دخل عليها زكريا المحراب**، رسول اللہ ﷺ نے حضرت عائشہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو اعتکاف کی اجازت مرحمت فرمائی۔ جو خواتین اعتکاف کا ارادہ کریں ان کے لیے ایسی دوائیں کھانے کی اجازت ہے جو مہینے کو روکیں بشرطے کہ صحت کے لیے مضر نہ ہو۔ اس سلسلے میں معتمد ماہر خاتون مسلم ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے۔

## اعتکاف کے دوران موبائل کا استعمال

موبائل کی کثرت اور ضرورت کے پیش نظر بہتر یہی ہے کہ زیادہ باتیں نہ کرے لیکن بقدر ضرورت اعتکاف کی حالت میں بات کرنا موبائل سے درست ہے جیسے مفتی کے لیے فتوی دینے میں شریعت کے مسائل بتانے اور گھر کی بات اہم ضرورتوں کے لیے اعتکاف کی حالت میں موبائل پر بات درست ہے بیوی سے موبائل پر بقدر ضرورت بات صحیح ہے دل لگی جیسی باتوں سے گریز ضروری ہے

## کام بھی اعتکاف بھی

مصروف زندگی نے لوگوں کے اندر نئی سوچ پیدا کی بعض لوگ دن میں ملازمت کرتے ہیں اور رات میں اعتکاف کرتے ہیں اس اعتکاف کو اعتکاف سنت نہیں کہا جائے گا۔۔ مسجد سے نکلنے جماع حیض و نفاس سے اعتکاف ختم ہو جاتا ہے البتہ اگر کھانا پینا پہنچانے کے لیے کوئی میسر نہ ہو تو معتکف خود لینے کے لیے مسجد سے نکل سکتا ہے۔ البتہ ایسے لوگوں کا شبینہ اعتکاف نفلی ہوگا کہ ایک گھڑی کے لیے مسجد میں اعتکاف نفلی درست ہے۔ کچھ لوگ رمضان کے اخری عشرے میں تین روز کا اعتکاف کرتے ہیں یہ بھی نفلی اعتکاف ہے۔ اس طرح بعض بزرگان دین رمضان کے مکمل مہینے کا اعتکاف کرتے ہیں تو اخری عشرے کا سنت دو عشرے کا نفل اور مقصد مریدین کی اصلاح وتزکیہ ہوتا ہے جو اس موقع کو غنیمت سمجھتے ہیں اعتکاف بڑی اہم سنت ہے لوگوں نے غفلت اختیار کر رکھی ہے اعتکاف کی سنت کو زندہ کرنا چاہیے کہ اللہ سے تعلق مضبوط ہو سکے ایمانی کیفیات بڑھیں دنیا کو امن دینے خیر پھیلانے میں معاون ہوں۔



تقدیم:۔ عطاالرحمان القاسمی شیموگہ

